© rasailojaraid.com



**قصائدحسان رض**

۲۱۲ صفحات پر مشتمل یہ کتاب مولانا محمد عارف اور قاری فیوض الرحمن کی کوششوں کا نچوڑ ہے ۔ حضرت حسان بن ثابت رض کے منتخب قصائد کا ترجمہ مشکل الفاظ کے لغوی معانی اور تشریح قلمبند کی گئی ہے ۔ جمعیة قوة الاسلام لاہور کی طرف سے شائع کی جانے والی یہ کتاب بھی کالج اور یونیورسٹی کے طلبہ کے لئے لکھی گئی ہے جس سے دوسرے لوگ بھی استفادہ کر سکتے ھیں ۔ اس مختصر کتاب میں حضرت حسان رض کے حالات زندگی کے ساتھ ان کی شاعری کی خصوصیات پر بھی جامعیت کے ساتھ بہت اچھا تبصرہ کیا گیا ہے ۔ کہیں کہیں حاشیہ میں وہ واقعات بھی درج ھیں جن سے متاثر ہوکر حضرت حسان رض نے شعر کہے ۔

(جی اے حق محمد)



© rasailojaraid.com